مصنف نے یہ کتاب علمی نہیں بلکہ تعلیمی مقصد کو پیشِ نظر رکھکر لکھی ہے۔ اسی وجہ سے اس میں مآخذ کا ذکر اور ان کا حوالہ نہیں ہے۔ انگریزی زبان میں تو اس موضوع پر بہت اچھی اچھی اور تحقیقی کتابیں کئی ایک ہیں۔ اردو میں بہرحال یہ پہلی کوشش معلوم ہوتی ہے۔ امید ہے کہ ارباب ذوق اس کی قدر کریں گے

طبعیاتی کائنات | از پروفیسر سید محمد علی خاں صاحب نظام کالج حیدرآباد دکن۔ تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات کتابت طباعت خاصی قیمت ۸ ر پتہ:۔ ادارہ ادبیات خیریت آباد حیدرآباد دکن۔

یہ کتاب بقامت کہتر سہی، مگر بقیمت بہتر ہونے میں شک نہیں۔ اس میں طبعیاتی کائنات یعنی زمین۔ سورج۔ چاند۔ ستارے۔ آسمان۔ مادہ۔ نور۔ ایتھر۔ منفی اور مثبت شعاعیں۔ لاشعاعیں، موجی میکانیات وغیرہ وغیرہ چیزوں کے متعلق واقعات و مشاہدات کا مختصر بیان ہے۔ جس کو متوسط درجہ کے اردوخواں لوگ بھی سمجھ سکیں۔ ریاضی کے پیچیدہ مسائل اور دوسری فنی تفصیلات کا ذکر نہیں ہے۔ تعلیم عوام و اطفال کے سلسلہ میں خصوصاً یہ رسالہ مفید ثابت ہوگا۔

آخر میں اصطلاحات کی ایک فہرست انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں ہے جس سے رسالہ کی افادیت میں اور اضافہ ہوجاتا ہے۔

نفیرِ غم | از مولانا سیماب اکبرآبادی تقطیع خورد ضخامت ۹۶ صفحات۔ کتابت و طباعت بہتر قیمت ۶ر۔ پتہ:۔ دفتر رسالۂ شاعر آگرہ

یہ ان نظموں، قطعات اور رباعیات کا مجموعہ ہے جو مولانا سیماب اکبرآبادی نے خالص اہل سنت والجماعت نقطۂ نظر سے سید الشہدا امام حسینؓ کی شہادت کے مختلف پہلوؤں پر خصوصاً اور دوسرے عظیم المرتبت شہدائے اسلام کے واقعات شہادت پر عموماً لکھی ہیں۔ ان سے شہادت کا فلسفہ اور راز۔ ہمیں اس سے کیا سبق لینا چاہیئے۔ اس شہادت کی یادگار کو کس طرح منانا چاہیئے۔ اہلبیت اطہار کی والہانہ محبت و ارادت اور ان کی جلالت و عظمتِ شان ان سب چیزوں کا اظہار ہوتا ہے۔ امام حسینؓ کی بارگاہ عظمت پناہ میں متعدد سلام بھی ہیں۔ جن میں شاعر نے گویا اشعار کے طشت زریں میں اپنے دل و جگر کے ٹکڑے نکالکر بطور نذرانہ پیش کردیئے ہیں۔ تمام نظمیں اور قطعات خوب ہیں اور ہمارے